www.KitaboSunnat.com
© rasailojaraid.com

علیم ناصری

آئینِ محمدؐ میں ہے سرداریٔ کونین

جس دل میں مدینے کی کوئی چاہ نہیں ہے
کچھ اور ہے وہ دل نہیں واللہ نہیں ہے

اس کوچۂ اطہر کے گداؤں کے علاوہ
دنیا میں کوئی اور شہنشاہ نہیں ہے

ہیں دو ہی مقاماتِ سکوں طیبہ و بطحیٰ
بعد ان کے جہاں میں کوئی درگاہ نہیں ہے

مقبولِ الٰہی ہے فقط دینِ محمدؐ
سیدھی کوئی اور اس کے سوا راہ نہیں ہے

آئینِ محمدؐ میں ہے سرداریٔ کونین
دنیا ابھی اس راز سے آگاہ نہیں ہے

جس کو نہ میسّر ہو محمدؐ کی غلامی
ہو جاہ و حشم لاکھ وہ ذی جاہ نہیں ہے

واللہ غلامانِ محمدؐ کی نظر میں
یہ ارض و سما مثلِ پرِ کاہ نہیں ہے

عظمت میں سوا صفۂ اصحابِ نبیؐ سے
شاہوں کا کوئی خیمہ و خرگاہ نہیں ہے

ہے راہِ محمدؐ ہی علیمؔ اپنی رہِ شوق
بیکار ہے جو ان کی گزرگاہ نہیں ہے

© rasailojaraid.com
محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ